ادارہ

# تعزیتی ٹیلی گرام

## اعیان مملکت، اراکین قومی اسمبلی و سینٹ وزراء سفراء و مشاہیر

حضرت شیخ الحدیث مرحوم کی وفات پر مولانا سمیع الحق کے نام ملک و بیرون ملک تعزیتی ٹیلی گراموں کا تانتا بندھا ہوا ہے۔ ہزاروں تعزیتی پیغامات میں گنجائش کی کمی کی وجہ سے مجبوراً چند ایک پر اکتفا کیا جا رہا ہے

**صدر مملکت غلام اسحاق خان** | مجھے آپ کے نامور والد شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ کی وفات کے بارے میں سن کر گہرا صدمہ پہنچا۔ از راہِ کرم میری دلی تعزیت قبول کیجئے۔ مولانا مرحوم ممتاز عالم دین تھے جنہوں نے اپنی زندگی اسلامی تعلیمات کی اشاعت کے لئے وقف کردی تھی۔ مرحوم دارالعلوم حقانیہ کے بانی تھے جنہوں نے ہزاروں کی تعداد میں ممتاز عالم دین پیدا کئے جو پاکستان میں اور بیرون پاکستان اسلام کی اشاعت میں مصروف ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت عطا فرمائے آپ کو اور آپ کے سوگوار خاندان کے افراد کو اس ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

**حامد ناصر چٹھہ اسپیکر قومی اسمبلی اسلام آباد** | آپ کے والد محترم کی وفات پر بے حد صدمہ پہنچا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے سوگوار خاندان کے دیگر افراد کو اس ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کی توفیق بخشے۔

**سید فضل آغا چیئرمین سینٹ اسلام آباد** | آپ کے نامور والد مولانا عبدالحق کی وفات پر بے حد صدمہ پہنچا۔ میری طرف سے دلی تعزیت قبول کیجئے۔ مولانا عبدالحقؒ ممتاز مذہبی شخصیت تھے۔

**محمد اسلم خان خٹک وفاقی وزیر مواصلات اسلام آباد** | آپ کے محبوب والد مولانا عبدالحقؒ کی وفات کی خبر سن کر بے حد صدمہ ہوا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت عطا فرمائے اور آپ کو صبر کی توفیق عطا فرمائے۔

**وسیم سجاد وفاقی وزیر عدل و انصاف اسلام آباد** | آپ کے نامور والد کی وفات پر بے حد صدمہ پہنچا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت سے نوازے۔

**ڈاکٹر محبوب الحق وزیر خزانہ اسلام آباد** | آپ کے والد محترم مولانا عبدالحقؒ کی وفات پر میری طرف سے دلی تعزیت

قبول کیجیے۔ آپ کی وفات ملک و قوم کے لئے ناقابلِ تلافی نقصان ہے۔ اللہ تعالیٰ اس صدمہ جانکاہ پر آپ کو صبر کی توفیق بخشے اور آپ کی مدد فرمائے۔

**سردار فتح محمد، محمد حسنی**
**وزیر مملکت مواصلات اسلام آباد**

آپ کے والد کے سانحہ ارتحال پر دلی صدمہ ہوا۔ خدا تعالیٰ انکی مغفرت فرمائے اور درجات عالیہ سے نوازے آپ کو اور آپ کے خاندان کو اس ناقابل تلافی نقصان کا صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

**سردار محمد عبدالقیوم خان**
**صدر آزاد کشمیر مظفر آباد**

آپکے نامور والد محترم کی وفات کی خبر سن کر بہت زیادہ دکھ ہوا۔ یہ واقعی بہت بڑا قومی نقصان ہے۔ میری طرف سے دلی تعزیت قبول کیجئے۔ اللہ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ آپ کو اور خاندان کے دیگر سوگوار افراد کو اس صدمے کی برداشت کی توفیق بخشے۔

**مخدوم محمد سجاد حسین قریشی**
**گورنر پنجاب لاہور**

آپ کے محبوب والد کی وفات کی خبر سن کر بے حد صدمہ پہنچا۔ آپ کی وفات سے ہم ایک مذہبی عالم اور محب وطن سے محروم ہو گئے۔ جنہوں نے اسلامی تعلیمات کی اشاعت میں نمایاں کردار ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت سے نوازے۔

**اقبال احمد خان سکریٹری جنرل**
**پاکستان مسلم لیگ**

شیخ الحدیث مولانا عبدالحقؒ کی وفات کی خبر سن کر بے حد صدمہ ہوا۔ اپنے سوگوار خاندان کے افراد کو میری دلی تعزیت بتلایئے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو مغفرت سے نوازے۔ آپ ان کے عظیم مشن کو جاری رکھیں۔

**میر ظفر اللہ خان جمالی**
**وزیر اعلیٰ بلوچستان کوئٹہ**

اپنے نامور والد کی وفات پر میری دلی تعزیت قبول کیجئے اللہ تعالیٰ مرحوم کی روح کو ابدی سکون سے نوازے۔

**وفاقی سکریٹری وزارت**
**حج۔ اسلام آباد**

آپ کے والد محترم کی وفات کی خبر سنکر مجھے بہت دکھ ہوا۔ آپ کے والد محترم پاکستان کے لئے ذریعہ حوصلہ افزائی تھے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس نقصان پر صبر کی توفیق عطا فرمائے۔

**سفیر سعودیہ عرب**
**اسلام آباد**

آپ کے ممتاز والد کی وفات پر بے حد صدمہ پہنچا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ میں پرخلوص تعزیت پیش کرتا ہوں۔

**جسٹس انوار الحق کراچی**

اپنے محبوب والد کی وفات پر دلی تعزیت قبول کیجئے۔ اللہ انہیں اپنی جوارِ رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ وہ بلاشبہ بڑے مذہبی عالم اور بڑے سیاستدان تھے۔ ان کا انتقال ناقابل تلافی نقصان ہے۔ خداوند تعالیٰ آپ اور مرحوم کے دیگر پیروکاروں کو اس نقصان پر صبر کی توفیق بخشے۔

**محمد خان جونیجو**
**صدر پاکستان مسلم لیگ اسلام آباد**

آپ کے والد اور ہمارے ساتھی مولانا عبدالحق صاحبؒ کی رحلت پر صدمہ اور تعزیت قبول کیجیے ایک قومی نقصان ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کو اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دے۔

**سینیٹر صاحبزادہ الیاس۔ ایبٹ آباد**
اللہ تعالیٰ مرحوم کو مغفرت سے نوازے

**سپیکر ملک محمد علی**
**سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ**
آپ کے نامور والد محترم مولانا عبدالحقؒ کی وفات کی خبر سنکر بہت زیادہ دکھ پہنچا۔ اللہ مرحوم کو مغفرت سے نوازے۔ اور ساتھ ہی اس عظیم ذاتی اور قومی نقصان پر آپ کو اور آپ کے سوگوار خاندان کے دیگر افراد کو صبر کی توفیق بخشے۔

**سینیٹر سید فصیح اقبال**
**کوئٹہ**
آپ کے نامور والد محترم مولانا عبدالحقؒ کی وفات کی خبر سن کر بے حد صدمہ پہنچا۔ حضرت مولانا مرحوم لوگوں کے لئے محنت اور شفقت کا نمونہ تھے۔ اللہ ان کی روح کو ابدی مسرتوں سے نوازے۔ آپ کو اور آپ کے خاندان کے دیگر افراد کو اس عظیم نقصان پر صبر کی توفیق بخشے۔

**سینیٹر احمد میاں سومرو**
مولانا عبدالحقؒ کی وفات پر دلی تعزیت قبول کیجئے۔ اللہ تعالیٰ ان کی روح کو خوشیوں سے نوازے۔

**نوابزادہ محسن علی خان**
**صوبائی وزیر خزانہ ایبٹ آباد**
آپ کے عظیم والد مولانا عبدالحقؒ کے انتقال کی خبر انتہائی صدمہ کا باعث بنی۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور آپ کو اس عظیم نقصان کا صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

**سینیٹر نبی بخش زہری**
آپ کے والد کے انتقال پر صدمہ ہوا۔ حق تعالیٰ اپنے جوار رحمت میں جگہ دے

**سینیٹر نیر آفریدی کوئٹہ**
میری جانب سے اپنے عظیم والد پر دلی تعزیت قبول کیجئے۔

**سینیٹر چوہدری رحیم داد**
اس افسوسناک خبر سے انتہائی دکھ پہنچا۔ نہ صرف آپ اپنے والد سے نہیں بلکہ قوم ایک عظیم مذہبی رہنما سے محروم ہوگئی ہے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔

**جسٹس عثمان علی شاہ**
**کراچی**
براہ کرم میری جانب سے اپنے والد کے انتقال پر دلی تعزیت قبول فرمائیے۔ خدا تعالیٰ مرحوم کی مغفرت فرمائے۔ اور آپ کو اس ناقابل تلافی نقصان کا صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

**ملک سید خان محسود**
**سابق ایم این اے**
میری جانب سے اپنے عظیم والد کی رحلت پر دلی تعزیت قبول فرمائیے۔ اللہ تعالیٰ مغفرت فرمائے۔

**سردار شیر باز مزاری**
**صدر این ڈی پی کراچی**
میری جانب سے اپنے والد کے انتقال پر دلی تعزیت قبول فرمائیے۔ اسلام کے لئے ان کی عظیم خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔

**جان محمد عباسی**
**امیر جماعت اسلامی سندھ**
میری جانب سے اپنے والد مولانا عبدالحقؒ کے انتقال پر دلی تعزیت قبول فرمائیے۔ نفاذ شریعت اور اشاعت علوم دینیہ کی عظیم خدمات قوم یاد رکھے گی اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے۔

**غلام دستگیر خان سابق وفاقی وزیر گوجرانوالہ** | آں جناب کے والد کی رحلت پر دلی صدمہ ہوا۔ میری جانب سے تعزیت قبول فرمائیے حق تعالیٰ مغفرت نصیب فرمائے۔

**صاحبزادہ فاروق علی سابق اسپیکر قومی اسمبلی ملتان** | مولانا عبدالحق صاحب کی وفات پر دلی صدمہ ہوا حق تعالیٰ مغفرت نصیب فرمائے۔ تمام خاندان کے غم میں شریک

**محمد ایوب خان اسپیکر آزاد کشمیر اسمبلی** | آپ کے والد کے اچانک سانحہ ارتحال پر دلی صدمہ ہوا۔ مرحوم ایک غیر معمولی عالم دین تھے خداوند کریم درجات عالیہ سے نوازے۔ اور مغفرت نصیب فرمائے۔ اور آپ کو اس ناقابل تلافی نقصان کا صدمہ برداشت کرنے کی توفیق۔

**اسماعیل حمودی حسین سفیر عراق۔ اسلام آباد** | آں جناب کے محبوب والد کے انتقال پر شدید صدمہ ہوا۔ از راہ کرم ہماری جانب سے دلی تعزیت قبول فرمائیے۔ مرحوم کو خدا تعالیٰ اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور آپ کو اس ناقابل تلافی نقصان اٹھانے کا حوصلہ عطا فرمائے۔

**ایئر مارشل ریٹائرڈ سابق ایم این اے نور خان** | آپ کے نامور والد محترم کی وفات کی خبر سن کر مجھے بہت زیادہ رنج پہنچا۔ میری طرف سے دلی تعزیت قبول کیجئے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کی روح کو ابدی سکون سے نوازے۔ آپ کو اور آپ کے سوگوار دوسرے افراد کو اس ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کی توفیق بخشے۔

**خواجہ محمد حمید الدین سیالوی سینیٹر سیال شریف** | ممتاز عالم عالم دین مولانا عبدالحق کی وفات کی خبر سن کر بے حد صدمہ پہنچا۔ اللہ مرحوم کی روح کو ابدی مسرتوں سے نوازے۔ آپ کو اور آپ کے سوگوار خاندان کے دیگر افراد کو اس ناقابل تلافی نقصان پر صبر کی توفیق بخشے۔

**سینیٹر غلام فاروق کراچی** | حضرت مولانا عبدالحق کی وفات کی خبر سنکر گہرا صدمہ ہوا۔ مرحوم نے اسلام کی اشاعت کے لئے اپنی زندگی وقف کی تھی۔ میرے پورے خاندان کا مرحوم سے گہرا تعلق تھا۔ ہماری طرف سے دلی تعزیت قبول کیجئے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔

**سید فخر امام سابق اسپیکر ملتان** | مولانا کی وفات پر بے حد دکھ ہوا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو صبر کی توفیق بخشے۔

**جاوید ہاشمی سابق ایم این اے** | مولانا عبدالحق کی وفات کی خبر سن کر بے حد صدمہ پہنچا۔ اللہ مرحوم کو مغفرت سے نوازے۔

**سینیٹر پروفیسر خورشید احمد۔ راولپنڈی** | میں آپ کو اور آپ کے خاندان کے افراد کو اس موقع پر تعزیت پیش کرتا ہوں۔

**حمزہ۔ سابق ایم این اے۔ گوجرہ** | آپ کے عظیم والد کی وفات پاکستان میں اسلامی قوتوں کا بڑا نقصان ہے

وہ مشہور عالم دین تھے جنہوں نے پاکستان میں اسلامی تعلیمات کی روشنی پھیلائی اور ساتھ ہی ساتھ افغانستان ۔

**گوہر ایوب خان ایبٹ آباد**
آپ کے والد کی وفات کی خبر سن کر بے حد صدمہ ہوا ۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو ابدی سکون عطا فرمائے ۔ آپ کو اور آپ کے خاندان کو اس ناقابل تلافی نقصان پر صبر کی توفیق عطا فرمائے ۔

**ریاض دولتانہ ایم این اے لاہور**
آپ کے بحد محترم اور عظیم مذہبی رہنما والد کی وفات حسرت آیات پر بہت زیادہ رنجیدہ ہوا ۔ میری دلی تعزیت قبول کیجئے ۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس نقصان کو برداشت کرنے کی توفیق بخشے ۔

**جمال سید میاں سینیٹر اسلام آباد**
آپ کے محترم والد کی وفات کی خبر سنکر بہت زیادہ صدمہ پہنچا ۔ میری دلی تعزیت قبول کیجئے ۔ اللہ مرحوم کی روح کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ۔

**عطا محمد خان لغاری سابق ایم این اے**
علامہ عبدالحق کی وفات حسرت آیات پر دلی تعزیت قبول کیجئے ۔
انا للہ وانا الیہ راجعون

**سید اصغر علی شاہ سابق ایم این اے راولپنڈی**
آپ کے نامور والد کی وفات کی خبر سنکر بہت زیادہ دکھ ہوا ۔ آپ پاکستان میں اسلام کے مضبوط ستون تھے ۔ آپ کی وفات بہت بڑا قومی نقصان ہے ۔ میری دلی تعزیت قبول کیجئے ۔

## چند مشاہیر ملک و ملت

**مولانا ابوالحسن علی ندوی لکھنو ۔ بھارت**
آپ کے نامور والد محترم کی وفات حسرت آیات کی خبر سن کر بے حد دکھ ہوا ۔ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے ۔

**میاں فضل حق ناظم جمعیۃ اہل حدیث لاہور**
حضرت مولانا عبدالحق کی وفات پر بے حد صدمہ پہنچا ۔ جو عظیم مقبول رہنما تھے اور پاکستان کا اثاثہ تھے اللہ تعالیٰ مرحوم کو مغفرت سے نوازے ۔

**جسٹس پیر محمد کرم شاہ بھیرہ**
حضرت مولانا کی وفات حسرت آیات پر میری دلی تعزیت قبول کیجئے ۔

**شبیر نقوی کراچی**
حضرت مولانا تحریک آزادی کے عظیم مجاہد تھے ۔ ممتاز عالم دین اور مقبول استاد تھے ۔ اس موقع پر دلی تعزیت قبول کیجئے ۔

**پیر سید احمد گیلانی آفندی چیئرمین اتحاد کونسل افغان مجاہدین پشاور**
مولانا مرحوم نے اسلام کی خاطر جو خدمات انجام دی ہیں وہ ہمیشہ ناقابل فراموش رہیں گی ۔ اس صدمہ جانکاہ پر میری دلی تعزیت قبول کیجئے اللہ تعالیٰ آپ کو صبر کی توفیق عطا فرمائے ۔